Write your name here

| Surname | Other names |
|---|---|
| | |

**Pearson Edexcel GCSE**

Centre Number | Candidate Number

# Urdu

## Unit 3H: Reading and Understanding in Urdu

**Higher Tier**

Wednesday 16 May 2018 – Morning
**Time: 50 minutes**

Paper Reference
**5UR03/3H**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 40.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶

P57759A
©2018 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/1/1/

P 5 7 7 5 9 A 0 1 1 6

Pearson

**Answer ALL questions.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

## Boarding schools

**1** Aslam is talking about boarding schools in Pakistan.

پاکستان میں دنیا کے بہترین بورڈنگ سکول موجود ہیں۔ بورڈنگ سکول میں طلبہ تعلیم حاصل کرنے
کے ساتھ ساتھ اکٹھے کھاتے پیتے اور رہتے ہیں۔ یہاں بچے صبح سویرے اٹھتے ہیں۔ بورڈنگ سکول
کے بچے اپنی مرضی سے باہر نہیں جا سکتے اور ہر کام مثلاً کھانے پینے، ہوم ورک کرنے اور سونے
کے وقت کی پابندی کرتے ہیں۔ ویک اینڈ پر سب بچے خوشی سے اپنے گھر جاتے ہیں۔ کچھ بورڈنگ
سکول فوج کے ادارے بھی چلاتے ہیں جہاں طلبہ فوجی تربیت بھی حاصل کرتے ہیں اور پڑھائی کے
بعد فوج میں شامل ہوتے ہیں۔

Put a cross ☒ in the correct box.

**Example:** Boarding schools in Pakistan…

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** are not good. |
| ☐ | **B** are free for all. |
| ☒ | **C** are among the best. |

(i) Boarding school students get up…

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** quite early. |
| ☐ | **B** at 6 a.m. |
| ☐ | **C** quite late. |

(ii) During the week…

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** they cannot go out. |
| ☐ | **B** they only do homework. |
| ☐ | **C** they cannot watch TV. |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(iii) At the weekend they…

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** invite their families. |
| ☒ | **B** visit their home. |
| ☒ | **C** cook for teachers. |

(iv) Some boarding schools are run by…

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** charity. |
| ☒ | **B** government. |
| ☒ | **C** military. |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

## Out and about

**2** Where would you see these signs?

**A** گاڑی ہوٹل کے کار پارک میں کھڑی کیجیے۔ کہیں اور کھڑی کرنے پر جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔

**B** عورتوں اور مردوں کے سوٹ پر بیس فیصد رعایت ہے آج ہی آئیے۔

**C** آگ لگنے کی صورت میں قریبی دروازے سے فوراً باہر نکل جائیں۔

**D** ریل کی پٹڑیوں سے پار کرنا خطرناک ہے۔ پُل استعمال کریں۔

**E** سرجری میں منگل کے دن عورتوں کا کلینک اور جمعہ کے دن بچوں کا کلینک ہوتا ہے۔

**F** آگے سڑک پر بائیں طرف مڑنا منع ہےاس سے حادثہ ہو سکتا ہے۔

Put a cross ☒ in the correct box.

| | A | B | C | D | E | F |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **Example:** station | ☐ | ☐ | ☐ | ☒ | ☐ | ☐ |
| (i) surgery | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) main road | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) hotel | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) clothes shop | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

**Career plans**

**3** Tariq is talking about his future career plans.

Read the text and write the correct letter to complete the sentences.

میرا نام طارق ہے۔ میں گیارہویں جماعت میں پڑھتا ہوں۔ میں اپنے مستقبل کے بارے میں ایک عجیب مشکل میں پھنس گیا ہوں۔ یوں تو مجھے بچپن سے لکھنے پڑھنے کا شوق رہا ہے مگر اب میں اس الجھن میں ہوں کہ اپنے لیے کون سا پیشہ منتخب کروں۔ میری امی کا ہمیشہ سے یہ خواب رہا ہے کہ میں بڑا ہو کر ڈاکٹر بنوں۔ ابو چاہتے ہیں کہ میں اپنا ذاتی کاروبار کروں۔ خود میرا یہ حال ہے کہ کبھی میں پائلٹ بننے کا خواب دیکھنے لگتا ہوں اور کبھی خود کو کامیاب مصور کے روپ میں دیکھتا ہوں۔ سائنس میں ہر سال میرا نتیجہ بہت اچھا ہوتا ہے لیکن اب اس سے میرا جی اکتا گیا ہے۔ بعض دوستوں کا خیال ہے کہ میں اچھا وکیل بھی بن سکتا ہوں۔ اب میں کروں تو کیا کروں!

| A | B | C | D | E | F |
|---|---|---|---|---|---|
| a businessman | a student | a lawyer | a teacher | a pilot | a doctor |

Write the correct letter in the box.

| | |
|---|---|
| **Example:** Tariq is… | B |
| (i) His mum wants him to be… | |
| (ii) His dad prefers him to be… | |
| (iii) He dreams of becoming… | |
| (iv) Friends think he can be… | |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**

## Internet and social networks

**4** You are reading an article about the internet.

کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کی بے پناہ ترقی نے ہماری زندگی بدل دی ہے۔ دفتروں اور تعلیمی اداروں کے ساتھ اب ہماری ذاتی زندگی میں بھی ان کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے۔ صبح بیدار ہونے سے لے کر رات کو بستر پر جانے تک ہمارا رابطہ کسی نہ کسی انداز میں کمپیوٹر اور انٹرنیٹ سے رہتا ہے۔

شروع میں تو انٹرنیٹ سے معلومات حاصل کرنے اور انہیں کمپیوٹر میں محفوظ کرنے کا کام لیا جاتا تھا۔ پھر یہ بات چیت کے ذریعے لوگوں کے درمیان فاصلے ختم کرنے کا ذریعہ بننے لگے۔ کسے معلوم تھا کہ ایک دن یہی ایجاد انسان کو تنہائی میں دھکیل دے گی۔

آجکل انٹرنیٹ کی دنیا میں خیالی زندگی (ورچوئل ریالٹی) کے تصور نے اچھی آمدنی والے افراد کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے۔ یہاں لوگوں کو انٹرنیٹ کی فرضی دنیا میں اپنے پسندیدہ کرداروں کی شکل میں زندگی گزارنے کا موقع ملتا ہے۔ اس میں وہ لوگوں سے اپنی حقیقت چھپا کر ملاقات کرتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے ساتھیوں اور رشتے داروں سے شاید ہی کبھی ملتے ہوں لیکن اپنی خیالی زندگی میں بے شمار وقت ضائع کر دیتے ہیں۔ اس پر ستم یہ ہے کہ یہاں لوگوں کے نام اور کردار فرضی ہونے کے باوجود جتنی بھی خریداری کی جاتی ہے اس کے لیے حقیقی رقم ادا کرنا پڑتی ہے۔ اس صورت حال کا نتیجہ پیسے اور وقت کی بربادی کے ساتھ مزید تنہائی اور پریشانی کی شکل میں نکلتا ہے۔

Now answer the following questions **in English**.

(a) What has changed our life?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) When do we not use our computers?

**(1)**

..............................................................................................................................................

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 5 7 7 5 9 A 0 6 1 6

(c) What has the internet been used for so far? Mention **two** things.

**(2)**

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

(d) What type of people are addicted to imaginary life on the internet?

**(1)**

..................................................................................................................................................

(e) How do people behave on these websites? Mention **two** things.

**(2)**

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

(f) What is the likely outcome of this situation?

**(1)**

..................................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## Job adverts

**5** Read these job advertisements.

**A** ہمیں اپنے ریسٹورنٹ میں کام کرنے کے لیے ایک ایماندار ویٹر کی ضرورت ہے۔

**B** کتابوں کی دُکان میں کام کرنے کے لیے ایک نوجوان کی ضرورت ہے جو اُردو پڑھ سکے۔

**C** ٹیوشن سینٹر میں شام کے وقت لڑکیوں کواُردو پڑھانے کے لیے تجربہ کار اُستانی کی ضرورت ہے۔

**D** ورک شاپ میں کام کرنے کے لیے ایک مستری کی ضرورت ہے۔

**E** کپڑوں کی دُکان میں سلائی کے لیے ماہر درزی کی ضرورت ہے۔

**F** ڈاک خانے میں کام کرنے کے لیے ایک نوجوان کی ضرورت ہےجو اُردو میں بات کرسکے۔

What sort of staff are they looking for? Write the correct letter in the box.

| | |
|---|---|
| **Example:** an honest waiter | *A* |
| (i) mechanic | |
| (ii) an experienced teacher | |
| (iii) an expert tailor | |
| (iv) a young book seller | |

**(Total for Question 5 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 5 7 7 5 9 A 0 8 1 6

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**At the restaurant**

**6** Read these descriptions of hotels in Pakistan.

**مرینہ ہوٹل** اسلام آباد کی خوبصورت پہاڑیوں کے درمیان تین ہزار فٹ کی بلندی پر بنا ہمارا ہوٹل اپنی مثال آپ ہے۔ یہاں آ کر سارے شہر کا نظارہ کرتے ہوئے ہمارے لذیذ کھانوں کا لطف اُٹھایئے۔

**راوی ہوٹل** مینارِ پاکستان سے تقریباً ایک ہزار فٹ کے فاصلے پر قدیم لاہور میں ہمارے نئے ہوٹل کا افتتاح ہو چکا ہے۔ پنجاب کے اصلی اور روایتی کھانوں کا مزہ لینا ہو تو راوی ہوٹل آنا نہ بھولیے۔

**کلفٹن ہوٹل** کراچی کے شور سے دور سمندر کے کنارے پُر سکون ماحول میں بیٹھ کر دنیا بھر کے پکوانوں کا مزہ لینے کے لیے کلفٹن ہوٹل ضرور آیئے۔ ایک ہفتہ پہلے بکنگ کرانے پر دس فیصد رعایت حاصل کیجیے۔

Put a cross ☒ in the correct box.

| | A<br>**Marina Hotel** | B<br>**Ravi Hotel** | C<br>**Clifton Hotel** |
|---|---|---|---|
| **Example:** it was recently opened | ☐ | ☒ | ☐ |
| (i) a discount is available | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) it has a beautiful view | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) it has a relaxing environment | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) it serves traditional food | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 6 = 4 marks)**

## Healthy lifestyle

**7** You are reading about Saba's lifestyle.

صبا اپنی سب دوستوں سے مختلف سوچ رکھتی ہے۔ کام گھر سے دور ہونے کے باوجود وہ گاڑی یا بس کی
بجائے سائیکل پر دفتر جاتی ہے۔ اُس کا کہنا ہے بھلا یہ کہاں کی عقل مندی ہے کہ ہم سارا دن گاڑیوں
اور بسوں پر سیر کریں اور ورزش کے لیے جم جا کر گھنٹوں کھڑی ہوئی سائیکل چلائیں۔ سڑک پر کتنا
ہی رش کیوں نہ ہوسائیکل کو راستہ مل ہی جاتا ہےاور اس کے علاوہ جم کی فیس کی بچت الگ ہوتی ہے۔
کام پر جانے کے لیے کچھ زیادہ خرچہ نہیں آتا اور ورزش کے ساتھ ساتھ مفت میں تازہ ہوا بھی ملتی
ہے۔ اگر دیکھا جائے تو سائیکل ہی وہ سواری ہے جس سے ایک ٹکٹ میں کئی مزے لیے جا سکتے ہیں۔
ڈاکٹروں کے مطابق سائیکل چلانا بھی دوڑنے اور تیراکی سے کم مفید نہیں اور اس سے ذہنی سکون
ملتا ہے۔

Read the text and put a cross ☒ in the **four** correct boxes.

| | |
|---|---|
| **Example:** Saba has a different view point from her friends. | ☒ |
| **A** She goes to work by car. | ☐ |
| **B** Her office is far from home. | ☐ |
| **C** It is better to use an exercise bike. | ☐ |
| **D** Riding a bike compares well with other forms of exercise. | ☐ |
| **E** We should use cars and buses to go to work. | ☐ |
| **F** Riding a bike can help you to reduce stress. | ☐ |
| **G** Riding a bike saves money. | ☐ |
| **H** Riding a bike causes more accidents. | ☐ |

**(Total for Question 7 = 4 marks)**



P 5 7 7 5 9 A 0 1 0 1 6

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**



P 5 7 7 5 9 A 0 1 1 1 6

## The postal service

**8** Read the following article.

خطوط، ضروری کاغذات اور لفافوں میں بند چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کے نظام کا نام ڈاک ہے۔ یہ نظام پوری دنیا میں ہزاروں سال سے چلا آر ہا ہے۔ شروع میں یہ سہولت صرف حکومتوں کے لیے تھی لیکن بعد میں یہ عام لوگوں کے لیے بھی ممکن بنائی گئی۔ جس کی وجہ سے ڈاک کے اخراجات کافی کم ہو گئے۔ ابتدا میں یہ کام گھوڑوں، اونٹوں اور کبوتروں وغیرہ سے لیا جاتا تھا۔ پہیے کی ایجاد سے لے کر آج تک سفر کرنے اور پیغامات بھیجنے کے جتنے ذرائع ایجاد ہوئے وہ سب ڈاک کے نظام میں شامل رہے۔

ایک وقت تھا جب ڈاکیے کو خوشی اور غم کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ ڈاک کے ٹکٹ جمع کرنا پسندیدہ مشغلہ تھا اور ان ٹکٹوں پر چھپی نایاب تصویریں لوگوں کے لیے معلومات حاصل کرنے کا ذریعہ تھیں۔ اب دور بدل گیا ہے لیکن آج بھی ڈاک کا نظام اتنا ہی اہم ہے۔ یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ مستقبل میں یہ نظام کسی نہ کسی صورت باقی رہے گا یا ماضی کا حصہ بن جائے گا۔

Put a cross ☒ in the correct box.

**مثال:** ڈاک کا مطلب ہے...

| | |
|---|---|
| **A** چیزیں محفوظ رکھنا | ☐ |
| **B** چیزیں جمع کرنا | ☐ |
| **C** چیزیں ایک سے دوسری جگہ بھیجنا | ☒ |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 5 7 7 5 9 A 0 1 2 1 6

(i) ڈاک کا نظام...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** بالکل نیا ہے |
| ☒ | **B** بہت پرانا ہے |
| ☒ | **C** خاصا پرانا ہے |

(ii) ڈاک کے اخراجات کم ہونے کی وجہ سہولت کو...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** ختم کرنا تھا |
| ☒ | **B** محدود کرنا تھا |
| ☒ | **C** عام کرنا تھا |

(iii) شروع میں ڈاک پہنچانے کے لیے...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** صرف پرندے تھے |
| ☒ | **B** صرف چرندے تھے |
| ☒ | **C** چرندے اور پرندے تھے |

(iv) ڈاک کے موجودہ نظام میں...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** تمام ذرائع آمدو رفت شامل ہیں |
| ☒ | **B** تمام ذرائع آمدو رفت شامل نہیں ہیں |
| ☒ | **C** کچھ ذرائع آمدو رفت شامل ہیں |

DO NOT WRITE IN THIS AREA

(v) ڈاک لانے والا...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** صرف سرکاری خبریں لاتا ہے |
| ☒ | **B** صرف اچھی خبریں لاتا ہے |
| ☒ | **C** ہر قسم کی خبریں لاتا ہے |

(vi) لوگ ڈاک کے ٹکٹ اس لیے جمع کرتے تھے تاکہ...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** امیر ہو سکیں |
| ☒ | **B** دنیا کے بارے میں جان سکیں |
| ☒ | **C** دنیا گھوم سکیں |

(vii) موجودہ دور میں ڈاک کے نظام کی...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** ضرورت نہیں |
| ☒ | **B** اہمیت ہے |
| ☒ | **C** سہولت نہیں |

(viii) ڈاک کا مستقبل...

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** واضح نہیں |
| ☒ | **B** روشن ہے |
| ☒ | **C** تاریک ہے |

**(Total for Question 8 = 8 marks)**

**TOTAL FOR PAPER = 40 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**



P 5 7 7 5 9 A 0 1 5 1 6

BLANK PAGE

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA